http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

جلد 22 | پیر 31 اگست 2026ء | 17 ربیع اول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 53

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

عوام کے وسائل اور زمینوں پر بندوق کے زور پر قبضہ نہیں کیا جاسکتا

محمود خان اچکزئی

ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان و مال کا تحفظ

ریاست کو پشتونوں کی آواز اور ان کے بنیادی، آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کا مطالبہ سننا ہوگا، ہمیں اس امر پر مجبور نہ کیا جائے کہ ہم اپنا مقدمہ بین الاقوامی فورمز پر لے جائیں

بندوق کے زور پر ریاستی نظام چلایا جاسکتا ہے، نہ عوام کے ذہنوں، ان کے سیاسی شعور، آئینی حقوق اور وسائل پر مستقل قبضہ کیا جاسکتا، اپوزیشن لیڈر کا عوامی جرگے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزبِ اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ریاست کو پشتونوں کی آواز اور ان کے بنیادی، آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کا مطالبہ سننا ہوگا، ہمیں اس (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے مشترکہ دفاعی معاہدے کی کمیٹی کا پہلا اجلاس آج میں ہوگا

تینوں ممالک کے وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور مسلح افواج کے چیفس آف اسٹاف شرکت کریں گے

استنبول (این این آئی) پاکستان، ترکیے اور سعودی عرب کے مشترکہ دفاعی معاہدے کی کمیٹی کا پہلا اجلاس (آج) پیر کو استنبول میں ہوگا۔ ترک وزارت خارجہ کے ذرائع (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

امریکی ناکہ بندی سے ایران کی رجائی بندرگاہ پر نقل و حرکت ختم ہوگئی

واشنگٹن (این این آئی) تازہ ترین تصاویر میں جنوب مشرقی ایران کے شہر بندر عباس میں واقع رجائی بندرگاہ کے میدان (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

امریکا کی عسکری قیادت نے سیکرٹری دفاع کو ایران جنگ کو مزید طول دینے سے خبردار کردیا

ایران تنازع کے لیے ان کے بحری جہازوں، طیاروں اور دیگر جنگی ساز و سامان کو متعلقہ خطوں سے ہٹالیا گیا ہے، علاقائی کمانڈر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج کے اعلیٰ حکام نے سیکرٹری دفاع پیٹ ہیگسیتھ کو خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر جاری فوجی آپریشنز کو مزید طول (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

لاہور، مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف سے آزاد کشمیر کے نومنتخب وزیراعظم افتخار گیلانی ملاقات کر رہے ہیں

آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

وزیراعظم

نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف سے آزاد کشمیر کے نومنتخب وزیراعظم اور سپیکر کی ملاقات، آزاد کشمیر کے امور، عوام کے مسائل بارے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم کے ساتھ پہلے 100 دنوں پر مشتمل اصلاحاتی منصوبہ شیئر کیا، جدت، ترقی کی راہ پر گامزن کرنیکی ہدایت

لاہور (این این آئی) صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف سے آزاد کشمیر کے نومنتخب وزیراعظم بیرسٹر افتخار گیلانی نے جاتی امراء رائے ونڈ میں ملاقات کی جس میں آزاد کشمیر کے امور اور عوام کے مسائل بارے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس ملاقات میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سپیکر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی طارق فاروق بھی شریک ہوئے۔ صدر مسلم لیگ (ن) نواز شریف، وزیراعظم محمد شہباز شریف (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالے گا

وزیراعظم شہباز شریف (آج) اجلاس میں شرکت کریں گے

کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں ایس سی او سربراہی اجلاس ہوگا

اسلام آباد/بشکیک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے کرغزستان جائیں گے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پائیدار امن کے قیام تک دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

وزیراعلیٰ بگٹی

امن و امان کو نقصان پہنچانے اور بے گناہ شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی

بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن کے دشمنوں کو مسترد کیا ہے اور وہ اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں

کو(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ چار خوارج کا جہنم واصل ہونا دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور پیشہ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے مقدس مزار پر حاضری

استنبول (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے شہر استنبول پہنچنے کے بعد حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے مقدس مزار پر حاضری دی۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

افتخار گیلانی کو وزیراعظم بنانے کا فیصلہ باہمی مشاورت سے کیا گیا' رانا ثنا اللہ

پارٹی صدر شاہ غلام قادر ہر قیمت پر ساتھ رہیں گے' وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم آزاد کشمیر بنانے کا فیصلہ مسلم لیگ (ن) کے قائد (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی کی بہن بتا چکی عمران خان بالکل فٹ ہیں

خواجہ آصف

بانی پی ٹی آئی کی بہن کا بیان قطعی اور فیصلہ کن ہے، بانی کی بہن اور ذاتی ڈاکٹر کا اطمینان بخش بیان بیرون ملک حامیوں نے پسند نہیں کیا

بیرون ملک بیٹھے پی ٹی آئی کے حامیوں کو ایک ایسے ماحول کی ضرورت ہے جس میں غم اور بے چینی پیدا ہو، خوف و ہراس پھیلے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن نے پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ عمران خان بالکل فٹ ہیں۔ سوشل میڈیا پر (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسرائیل نے ایران کو پھر حملے کی دھمکی دیدی

یروشلم (این این آئی) اسرائیل نے ایران پر ایک بار پھر حملے کی دھمکی دے دی۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر توانائی ایلی کوہن نے کہا کہ ایران امریکا سے معاہدہ کر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

سانحہ پمز سے سبق ملتا ہے موجودہ سسٹم بالکل درست نہیں' عبدالعلیم خان

چھوٹے انتظامی یونٹس بنائے بغیر نظام کی خامیاں دور نہیں ہوں گی' وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر و صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ سانحہ پمز سے سبق ملتا ہے کہ موجودہ سسٹم ہرگز درست نہیں، چھوٹے انتظامی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)



لاہور، وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ اور سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان نے 1200 ارب روپے کا قرض مدت سے پہلے ادا کردیا

حالیہ ادائیگی کے بعد پاکستان کی جانب سے مقررہ مدت سے پہلے ادا کیے جانے والے قرضوں کا مجموعی حجم بڑھ کر تقریباً 5920 ارب روپے ہوگیا

قبل از وقت ادائیگیوں کا مجموعی حجم 5920 ارب روپے تک پہنچ گیا، آئندہ برسوں میں قرضوں کی ادائیگی کا دباؤ اور ری فنانسنگ رسک کم ہوگا، مشیر خزانہ

کراچی (این این آئی) پاکستان نے قرضوں کی قبل از وقت ادائیگی میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے مزید 1200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کردیا، جو ملک کی تاریخ میں ایک موقع پر کی جانے والی سب سے بڑی قبل از وقت قرض ادائیگی قرار دی گئی ہے۔ حالیہ ادائیگی کے بعد پاکستان کی جانب سے مقررہ مدت سے پہلے ادا کیے جانے والے قرضوں کا مجموعی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

استنبول، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا ترکیہ پہنچنے پر اعلیٰ عہدیدار استقبال کر رہے ہیں

صدر و وزیراعظم کی ترک صدر، حکومت اور عوام کو یوم فتح کی مبارکباد

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخ، ایمان اور باہمی تعاون کے گہرے رشتوں پر مبنی منفرد اور پائیدار تعلقات قائم ہیں، صدر مملکت

پاکستان ترکیہ کے ساتھ تمام شعبوں میں اپنی سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط اور گہرا کرنے کے عزم پر ثابت قدم ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم فتح کے موقع پر ترک ہم منصب رجب طیب اردوان اور ترک عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امر پر اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات مزید فروغ پاتے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور ترکیہ کی حکومت اور عوام کو یوم (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ترکیہ غیر معمولی برادرانہ رشتے میں بندھے ہوئے ہیں

اسحاق ڈار

اسحاق ڈار کی ترکیہ کے یوم فتح کی 104 ویں سالگرہ کے موقع پر ترک قیادت، حکومت اور عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے یوم فتح کی 104 ویں سالگرہ کے موقع پر، ترکیہ کی قیادت، حکومت اور برادر عوام کو (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور وفد کے شرکاء کا معروف چینی ادارے علی بابا کے ایگزیکٹو حکام کے ہمراہ گروپ فوٹو

آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے امریکا کو وعدے پورے کرنا ہوں گے، ایران

ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز سے گزرنے کے انتظامات پر اتفاق ہوا ہے، لیکن یہ مفاہمت خود بخود نافذ نہیں ہوگی

اگر واشنگٹن سفارت کاری کے راستے پر آنا چاہتا ہے تو اسے ماضی کے اقدامات کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی، کاظم غریب آبادی

تہران (یو این اے) ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے بحری آمد و رفت بحال کرنے کے لیے عمان کے ساتھ ایک مفاہمت طے پا گئی ہے، تاہم اس پر عمل درآمد امریکا کی جانب سے اپنے وعدے پورے کرنے سے مشروط ہوگا۔ انادولو ایجنسی کے مطابق ایرانی نائب وزیر خارجہ برائے قانونی و بین الاقوامی امور کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز سے گزرنے کے انتظامات پر اتفاق ہوا ہے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

ہائی کورٹ آف بلوچستان میں نئے قائم کردہ سہولت سنٹر کا افتتاح (آج) ہوگا

کوئٹہ (خ ن) ہائی کورٹ آف بلوچستان، کوئٹہ میں نئے قائم کردہ سہولت سنٹر کی افتتاحی تقریب آج بروز پیر، 31 اگست 2026 کو منعقد ہوگی، جس کا افتتاح چیف جسٹس آف (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

بلاول کی ممکنہ منگنی، آصف زرداری اور پی پی چیئرمین ویانا میں آسٹرین خاندان سے ملاقاتوں میں مصروف، پی پی ذرائع

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی آسٹریا کے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

دنیا میں امن اور استحکام قائم کرنا ہے تو یہ ہمارے خطے ہی سے ابھرے گا، مسعود پزشکیان

امریکا بھولے لے میڈیا کے ذریعے توانائی مارکیٹ میں ہیرا پھیری کر کے جنگ کو طوالت دینے کی کوشش کر رہا ہے، عباس عراقچی

علاقائی سیکیورٹی مسلم ممالک کے درمیان تعاون اور خواہش کی بنیاد پر ہونی چاہیے، محمد باقر قالیباف

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ دنیا میں امن اور استحکام قائم کرنا ہے تو یہ ہمارے خطے ہی سے ابھرے گا۔ تہران میں تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

مجتبیٰ خامنہ ای کا خلیجی ممالک کے حکمرانوں سے حقیقی دشمن کا مقابلہ کرنے کا مطالبہ

امریکی اور اسرائیلی مجرم حکمران صرف ایران کے نہیں تمام مسلم امہ کے دشمن ہیں، مجتبیٰ خامنہ ای

دنیا بھر کے مسلمان اتحاد قائم کرتے ہوئے دشمنوں کے خلاف باہمی دفاع اور باہمی تعاون بڑھائیں

تہران (این این آئی) ایران کے رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای نے خلیجی ممالک کے حکمرانوں سے حقیقی دشمن کا مقابلہ کرنے کا مطالبہ کردیا۔ خلیجی حکمرانوں کے نام سوشل میڈیا پر (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، اپوزیشن لیڈر رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی پشتون قومی جرگہ کے افتتاحی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

جذباتی نعروں کے بجائے اپنی معاشی اور خارجہ پالیسیوں کا جائزہ لینا ہوگا

مولانا فضل الرحمن

مفاداتی سیاست اور غلط پالیسیوں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، پالیسیوں اور سمت کی فوری درستگی ضروری ہے

صوبوں کو تقسیم کرنے کی سازشیں قبول نہیں، امن و امان کی صورتحال تباہ، آئین کے مطابق پارلیمنٹ سپریم ادارہ ہے، سربراہ جمعیت علماء اسلام

سکھر (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک کے مسائل انتہائی سنگین ہو چکے ہیں، قیام پاکستان کو تقریباً 80 سال مکمل ہونے کو ہیں، مگر مفاداتی سیاست اور غلط پالیسیوں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، حکمرانوں کو اپنی پالیسیوں اور سمت کا از سر نو جائزہ لے کر فوری اصلاح کرنا ہوگی۔ وہ سکھر میں جمعیت علماء اسلام سندھ کی مجلس (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

یوکرین پر روسی ڈرون حملے میں 37 شہری ہلاک، 42 زخمی

حملہ یوکرین کے دارالحکومت کیف کے نواحی علاقے میں اسلحہ ڈپو پر کیا گیا

کیف (این این آئی) یوکرین نے دعویٰ کیا ہے کہ روسی ڈرون حملے میں 37 شہری ہلاک اور 42 زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یہ مبینہ حملہ یوکرین کے دارالحکومت (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال سے چیف ایگزیکٹو گیپکو اور دیگر اعلیٰ حکام کی ملاقات

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال سے چیف ایگزیکٹو گیپکو اور دیگر اعلیٰ حکام سے اہم ملاقات (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)



کراچی، گورنر سندھ سید نہال ہاشمی ڈیننگ انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اینڈ انٹرپرینیورشپ کی پانچویں گریجویشن تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

نیپال میں تباہ کن سیلاب سے اموات 734، لاپتہ افراد کی تعداد 2,498 تک پہنچ گئی

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں تباہ کن سیلاب سے اموات اتوار کی صبح تک بڑھ کر 734 ہوگئی ہیں جبکہ لاپتہ ہونیوالے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ نے اپنی مقبولیت سے متعلق سروے کو جعلی قرار دے دیا

ایسے جعلی سروے عوام کو گمراہ کرنے کا باعث بنتے ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی مقبولیت سے متعلق سروے کو جعلی قرار دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

احسن اقبال کی گوادر میں سیوریج کے پانی کو صاف کرنے کیلئے مطالعاتی جائزہ شروع کرنیکی ہدایت

سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی نے مجموعی طور پر 60.259 بلین روپے مالیت کے پانچ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری

48.545 بلین روپے مالیت کے دو بڑے منصوبے مزید غور اور منظوری کے لیے نیشنل اکنامک کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کو بھجوانے کی سفارش

اسلام آباد (این این آئی) سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی نے اڑان پاکستان پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 60.259 بلین روپے مالیت کے پانچ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دیدی۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات و ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

فری لانسرز پاکستان کی مستقبل کی افرادی قوت ہیں، گورنر سندھ

پاکستانی فری لانسرز سالانہ 1.76 ارب ڈالر سے زائد زرمبادلہ کما رہے ہیں

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان کے فری لانسرز ملک کی ابھرتی ہوئی ڈیجیٹل افرادی قوت ہیں، جو قومی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں اور عالمی سطح پر پاکستان کی مثبت تشخص اجاگر کر رہے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر محمد سلمان 3 سال کیلئے پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر تعینات، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال کے 21 گریڈ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر رانا عمران سکندر کی معطلی کا نوٹیفکیشن جاری (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال بارے درخواست پر (آج) سماعت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) 16 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال سے متعلق قانون سازی کے لیے دائر درخواست (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ دھرنے سے خطاب کر رہے ہیں

آر ایل این جی جہاز پورٹ پر نہ پہنچنے سے گیس بحران بڑھنے کا خدشہ

گیس اور تیل کی قلت کے باعث متعدد پاور پلانٹس کی پیداوار متاثر

ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرگیا

کراچی (این این آئی) آر ایل این جی کا جہاز مقررہ وقت پر پورٹ پر نہ پہنچنے کے باعث ملک میں گیس بحران مزید شدت اختیار کرنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے، جبکہ گیس اور تیل کی قلت (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

محکمہ صحت بلوچستان میں غیر حاضر ملازمین کے خلاف کریک ڈاؤن

11 ہزار ملازمین کی تنخواہوں سے 29 کروڑ روپے کٹوتی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سخت ہدایات پر محکمہ صحت میں غیر حاضر اور غفلت برتنے والے ملازمین کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

میر پور خاص میں خواتین کو پنک الیکٹرک اسکوٹیز دی جائیں گی، شرجیل میمن

سندھ حکومت کی جانب سے 2 ہزار سے زائد خواتین کو ڈرائیونگ اور متعلقہ تربیت فراہم کی جاچکی ہے

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے پنک الیکٹرک اسکوٹی پروگرام کے آئندہ مرحلے میں میر پور خاص میں خواتین کو مفت الیکٹرک اسکوٹیز تقسیم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی نے مذاکرات کا طریقہ بتادیا، دروازے بند نہیں کیے

حافظ نعیم

3 ستمبر کو بھرپور ملک گیر ہڑتال ہوگی، اس کے بعد تحریک کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا' امیر جماعت اسلامی

عوام سے بھتہ وصولی کی بجائے حکمران اپنی مراعات ختم کریں' دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت روزانہ کی بنیاد پر عوام پر مظالم ڈھا رہی ہے، حکمران اپنی عیاشیاں ختم کرنے کے بجائے عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ ڈال رہے ہیں۔ غریبوں سے پیٹرولیم لیوی بھتہ وصول کرنے کی بجائے حکمران اپنی بڑی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار ترکیہ کے شہر استنبول پہنچ گئے، پرتپاک استقبال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سرکاری مصروفیات کے سلسلے میں ترکیہ کے شہر استنبول پہنچ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

طارق فضل چوہدری کی ترکیہ کے یوم فتح پر صدر رجب طیب اردوان، حکومت اور ترک عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ترکیہ کے یوم فتح کے موقع پر صدر رجب طیب (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری

تمام محکمے عوامی خدمت، فلاح و بہبود میں مزید بہتری لانے کے لیے اپنی کاوشیں تیز کردے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں مختلف محکموں نے اپنی دو سالہ کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس میں محکمہ صحت، انڈسٹریز، سکولز، سی اینڈ ڈبلیو، لائیو اسٹاک، انرجی، مائنز اینڈ منرلز اور سائنس اینڈ آئی ٹی کے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

لاہور، اسپیکر پنجاب اسمبلی کا امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر اور قونصل جنرل لاہور اسٹیلسن کے ہمراہ گروپ فوٹو

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

پاکستان اور سعودی عرب تزویراتی شراکت دار

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک تزویراتی شراکت دار ہیں، دیرینہ تعلقات کو مضبوط تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت میں تبدیل کریں گے۔ سعودی عرب کے وزیر ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمٰن بن عبدالمحسن الفضلی سے ملاقات کے دوران وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان حال ہی میں طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے تینوں ممالک مزید قریب آئے ہیں اور اس معاہدے نے پورے خطے میں اتحاد اور امن کا پیغام دیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب تزویراتی شراکت دار ہیں اس لیے اب دونوں ممالک کو اقتصادی اور زرعی شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر توجہ دینی چاہیے تاکہ دیرینہ تعلقات کو مضبوط تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت داری میں تبدیل کیا جا سکے۔ اسی طرح، سعودی وزیر نے جی ایچ کیو میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا اور دونوں برادر ممالک کے درمیان دیرینہ تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ مکہ معاہدے نے مسلم دنیا کی سیاسی و دفاعی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کیا ہے۔ یہ سہ فریقی معاہدہ دراصل پاکستان اور سعودی عرب کے مابین گزشتہ برس طے پانے والے تزویراتی باہمی دفاعی معاہدے کی توسیع ہے جسے اب ترکیہ کی شمولیت سے ایک وسیع تر علاقائی دفاعی حصار کی شکل دے دی گئی ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ مکہ معاہدہ اب صرف تین ممالک تک محدود نہیں رہا، انڈونیشیا اور بنگلہ دیش جیسے بڑے مسلم ممالک نے بھی اس اتحاد کا حصہ بننے میں دلچسپی ظاہر کی ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ معاہدہ ایک وسیع تر مشترکہ دفاعی حصار کی بنیاد رکھ چکا ہے۔ اگر ایران سمیت دیگر مسلم ممالک بھی اس فریم ورک کا حصہ بن جائیں تو یہ محض ایک عسکری اتحاد نہیں رہے گا بلکہ امتِ مسلمہ کے لیے ایک نئے دور کا نقطہ آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر مکہ معاہدہ مسلم امہ کو متحد کرنے کے عزم کے ساتھ آگے بڑھتا رہا تو یہ نہ صرف اجتماعی دفاع بلکہ سائنس، ٹیکنالوجی اور معیشت کے میدان میں بھی خودمختاری کی راہ ہموار کر سکتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ معاہدہ محض ایک سفارتی دستاویز نہیں رہے گا بلکہ مسلم امہ کی نشاۃ ثانیہ کی داغ بیل ڈال سکتا ہے جس کے ذریعے مسلمان صدیوں کی محتاجی سے نکل کر اپنے دفاع، ترقی اور وقار کے تحفظ کے لیے خود ذمہ دار بن سکتے ہیں۔

ترک اسرائیل گریٹ گیم کا قصہ

تحریر۔ وسعت اللہ خان

نشانہ بنائے بغیر بیرونِ ملک تعینات ترک فوجی دستوں کو نشانہ بنایا جائے تو پھر ناٹو کا آرٹیکل پانچ شائد حرکت میں نہیں آئے گا۔

جب ایران نے خلیجی ممالک میں موجود امریکی فوجیوں اور تنصیبات کو نشانہ بنایا تو ناٹو کے دیگر ارکان صدر ٹرمپ کے طعنوں اور برا بھلا کہنے کے باوجود ٹس سے مس نہیں ہوئے۔

چنانچہ اپنے اس نظریے کو آزمانے کے لیے اسرائیلی فضائیہ نے شمالی شام میں ادلب کے قریب ترک سرحد سے ستر کیلومیٹر پرے قائم ابوالدہور ...

... اب سمجھ جائیں''۔ جغرافیائی نقشے دیکھنا اس اندازِ بیان سے یہ تو عیاں ہوگیا کہ اسرائیل شام کو اپنی باجگذار ریاست کا درجہ دیتا ہے اور ترک طاقت کو اپنے علاقائی عزائم کی راہ میں آخری بڑا چیلنج سمجھتا ہے۔ مگر اس اسرائیلی طرزِ عمل سے امریکا کو بھی خوشی نہیں ہوئی۔ ترکی میں متعین امریکی سفیر اور شام کے لیے صدر ٹرمپ کے خصوصی ایلچی ٹام بیرک نے ابوالدہور ایربیس پر اسرائیلی حملہ غیر ضروری قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسی حرکتوں سے علاقائی امن مستحکم نہیں ہوگا۔ اور تو اور اسرائیل میں متعین امریکی سفیر ...

... ہیں۔ اس نیت کی شہادت خود وزیرِ اعظم نیتن یاہو نے دی کہ ''ہم شام میں بڑھتی ہوئی ترک موجودگی کو اپنے مفادات کے لیے ایک ناقابلِ برداشت خطرہ سمجھتے ہیں۔ ہم نے یہ بات انھیں بارہا سمجھانے کی کوشش کی مگر وہ نہیں سمجھے۔ شائد ...

... نے ترک سرحد کے نزدیک ایربیس پر حملے سے شائد ٹرمپ انتظامیہ کو بھی چیلنج کیا ہے کہ ایران سے معاملات تو آپ نے بالا بالا طے کرنے کی کوشش کر لی مگر شام کے ساتھ معاملات ہمارے مفادات کو نگاہ میں رکھے بغیر آپ سیدھے نہیں کر سکتے۔ اس طرزِ عمل پر فی الحال ٹرمپ ...

چمن شہر کو سرسبز و خوبصورت بنانے کے لیے عملی اقدامات

تحریر۔ گل میر خان کاکڑ

... کا عمل تیزی سے جاری ہے اور مختلف ٹیمیں شہر کے مختلف حصوں میں صفائی کے کاموں میں مصروف ہیں۔ اس مہم کا مقصد چمن شہر کو کچرے سے پاک کرنے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو صاف، صحت مند اور خوبصورت ماحول فراہم کرنا ہے۔ چمن کے شہریوں نے خصوصی صفائی و شجرکاری مہم کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کا شکریہ ادا کیا۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی، اسسٹنٹ کمشنر امتیاز ...

پاکستان کا 5 ہزار ارب روپے سے زائد قرضہ واپس، معاشی استحکام کی جانب اہم پیش رفت



تحریر: سید منور علی

مالیاتی نظام کو مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جائے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بھی ملکی معیشت میں بہتری اور مختلف معاشی اشاریوں میں مثبت تبدیلیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بتدریج معاشی استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے۔ ان کے مطابق حکومت کی پالیسیوں اور معاشی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ...

پمز ہسپتال میں آتشزدگی، 14 نومولود بچوں کی ہلاکت کا افسوسناک واقعہ

تحریر: سیدہ سونیا عمران

مطابق کارروائی ہونی چاہیے ہسپتالوں میں فائر سیفٹی، ایمرجنسی ایگزٹ، فائر الارم، آتش نشانی کے آلات اور تربیت یافتہ عملے کی موجودگی انتہائی ضروری ہے۔ خصوصاً بچوں کے وارڈز اور نرسریوں میں حفاظتی انتظامات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا یہ سانحہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ انسانی جان سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ ملک بھر کے ہسپتالوں میں فائر سیفٹی اور ایمرجنسی نظام کا ازسرِ نو جائزہ لیں تاکہ مستقبل میں ایسے دلخراش واقعات کی روک تھام ممکن ہو پمز ہسپتال کے اس المناک واقعے میں جاں بحق ہونے ...

بقیہ 1

دوران زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں 3 بھائی رحمت اللہ، دورانی اور نعمت اللہ پسران سلطان جاں بحق جبکہ ایک شخص عتیق اللہ ولد مولوی نیک محمد زخمی ہوگیا دھماکے سے گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ...

ایسے منصوبوں پر توجہ دے رہی ہے جن سے عام آدمی کی روزمرہ زندگی میں حقیقی اور دیرپا بہتری پیدا ہو۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ تعمیراتی کاموں میں معیار، شفافیت اور پائیداری کو یقینی بنایا جا سکے متعلقہ محکموں کو واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں ناقص میٹریل یا غیر معیاری تعمیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور ترقیاتی منصوبوں کو کاغذی کارروائی تک محدود ...

بقیہ 13

... جرنلسٹس اور ضلعی و تحصیلی نامہ نگاران سب سے زیادہ مشکلات کا شکار ہیں۔ کئی صحافی برسوں سے انتہائی کم معاوضے یا بغیر کسی مستقل مالی تحفظ کے صحافتی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ دور دراز علاقوں میں رپورٹنگ کرنے والے صحافیوں کو سفری اخراجات، جان و مال کے تحفظ اور بنیادی سہولیات کے مسائل کا سامنا ہے، لیکن ان کے مسائل کے حل کیلئے کوئی مؤثر اور جامع حکمت عملی نظر نہیں آ رہی۔ بلوچستان میڈیا فورم کے رہنماں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ وہ پرنٹ میڈیا اور مقامی اخبارات کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے ایک جامع اور شفاف میڈیا پالیسی مرتب کرے، جس میں بلوچستان کے مقامی اخبارات کو ترجیحی بنیادوں پر سرکاری اشتہارات دیے جائیں۔ اشتہارات کی تقسیم میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے اخبارات کو بھی ان کا جائز حق دیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان بھر کے نامہ نگاران اور ورکنگ جرنلسٹس کیلئے باقاعدہ رجسٹریشن، شناخت، مالی معاونت، ہیلتھ انشورنس اور تحفظ کا مؤثر نظام تشکیل دیا جائے۔ صحافیوں کی پیشہ ورانہ تربیت کیلئے خصوصی پروگرام شروع کیے جائیں تاکہ بلوچستان کی نئی نسل کو جدید صحافتی تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ عہدیداروں نے کہا کہ حکومت کو ڈیجیٹل میڈیا کے فروغ کے ساتھ ساتھ روایتی اور پرنٹ میڈیا کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ مقامی اخبارات آج بھی بلوچستان کے عوام کی آواز ہیں۔ پرنٹ میڈیا نے مشکل ترین حالات ...

... جمالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گنداخہ کے عوام کو ان سے بھرپور امیدیں وابستہ ہیں۔

بقیہ 18

زرعی اراضی متاثر، کھڑی فصلیں تباہ اور کسانوں کی سال بھر کی محنت داؤ پر لگ گئی ہے، انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ کاشتکاروں نے اپنی جمع پونجی خرچ کر کے بیج، کھاد، زرعی ادویات اور ڈیزل سمیت دیگر اخراجات برداشت کیے، لیکن بروقت پانی نہ ملنے کے باعث لاکھوں روپے مالیت کی فصلیں خشک ہو کر تباہ ہو رہی ہیں۔ کسانوں کی فصلیں پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہی ہیں، مگر متعلقہ آبپاشی حکام خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ مولانا غلام نبی جاگیرانی نے کہا کہ مسئلہ صرف فصلوں تک محدود نہیں بلکہ نہروں کے ٹیل میں انسانی زندگی بھی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ کئی علاقوں کے مکین پینے، غسل اور روزمرہ ضروریات کے پانی کے حصول کے لیے پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب نہروں کے ٹیل تک پانی نہیں پہنچے گا تو زرعی پیداوار، مقامی معیشت اور عوام کی زندگی براہ راست متاثر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ کھیرتھر کینال سے نکلنے والی نہروں میں پانی کی منصفانہ تقسیم ہر کاشتکار کا بنیادی حق ہے

بقیہ 19

، محمد صفر عمرانی، گل جان مستوئی، محمد رفیق پندرانی، ملک دوست محمد عمرانی، مولانا عبدالحق بلیدی اور دیگر ضلعی کابینہ اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں جمیعت علماء اسلام ...

مشاورت کے ذریعے اپنے مسائل کے حل کی راہیں تلاش کیں۔ آج بھی ہمیں اسی اجتماعی دانش، سیاسی شعور اور باہمی مشاورت کی ضرورت ہے۔ قائدِ حزبِ اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان کو وجود میں آئے 79 برس گزر چکے ہیں، جبکہ پشتون بحیثیت قوم اپنی موجودہ سرزمین پر ہزاروں سال سے آباد ہیں۔ آج درپیش سیاسی، معاشی اور امن و امان کی بدحالی کو کسی قوم کی قسمت یا تقدیر قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسائل انسان کے تشکیل کردہ سیاسی، معاشی اور انتظامی نظام کا نتیجہ ہیں اور انہیں انسان ہی اپنی سیاسی جدوجہد، دانش اور بہتر نظام کے ذریعے تبدیل کرسکتا ہے۔ موجودہ حالات میں بیرونی عوامل کے ساتھ ساتھ بحیثیت قوم ہماری اپنی غفلت، کوتاہیوں اور داخلی کمزوریوں کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ قدرت نے پشتونخوا کی سرزمین کو بے پناہ قدرتی وسائل، معدنیات اور دیگر نعمتوں سے مالا مال کیا ہے۔ ہمارے آباؤ اجداد نے صدیوں تک اس سرزمین اور اس کے وسائل کا دفاع کیا، مگر آج یہی وسائل اور خطے کی جغرافیائی و تزویراتی اہمیت عوام کی خوشحالی اور ترقی کا ذریعہ بننے کے بجائے ان کے لیے وبالِ جان بن چکی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ جرگہ کسی قوم، نسل یا قومیت کے خلاف نہیں۔ پشتون کسی دوسرے انسان، قوم یا مذہب سے نفرت اور امتیاز کے قائل نہیں۔ تاہم ہم یہ ہرگز قبول نہیں کریں گے کہ پشتونوں کی سرزمین کو کسی بھی قیمت پر دوسروں کی جنگوں، پراکسیز اور طاقتوں کے باہمی مفادات کا میدان بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ رنگ، نسل، زبان یا عقیدے کی بنیاد پر کسی سے نفرت، بغض یا امتیاز روا رکھنا غیر انسانی فعل ہے۔ پشتون معاشرہ اپنی

تاریخی ساخت میں برابری، مشاورت اور اجتماعی ذمہ داری کی اقدار کا حامل رہا ہے۔ پشتونوں نے اسلام بھی اپنی مرضی اور رضامندی سے قبول کیا، اسے کسی پر بزورِ شمشیر مسلط کرنے کی روایت ان کی تاریخ کا حصہ نہیں۔ محمود خان اچکزئی نے جنوبی پختونخوا میں بدامنی کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج پشتونوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔ سرانان میں دن دہاڑے پولیس تھانے کو اڑایا گیا اور بے گناہ مزدوروں کو قتل کیا گیا۔ اس واقعے کا جواب بھی کسی نے دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہے۔ اگر ریاست یہ بنیادی ذمہ داری پوری نہیں کرے گی تو عوام کے اندر عدم تحفظ، بے اعتمادی اور محرومی مزید گہری ہوگی۔ قائدِ حزبِ اختلاف نے کہا کہ مقامی اقوام اور قبائل کی زمینیں غیر مقامی افراد، اداروں اور نام نہاد کمپنیوں کو الاٹ کر کے منظم انداز میں تقسیم کی جارہی ہیں، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ عوام کے وسائل اور زمینوں پر بندوق کے زور پر قبضہ نہیں کیا جاسکتا۔ نہ عوام کے سیاسی اور شہری حقوق کو مستقل طور پر دبایا جاسکتا ہے اور نہ ہی آئینی حقوق کو طاقت کے ذریعے ختم کیا جاسکتا ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچ ہمارے بھائی ہیں اور ہم بلوچستان کو بلوچ اور پشتون اقوام کے درمیان برابری، انصاف اور باہمی احترام کی بنیاد پر چلانے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون اس مقصد کے لیے بھی تیار ہیں کہ کوئٹہ شہر میں آباد سیٹلرز، ہزارہ اور دیگر شہری آبادیوں کو پشتونوں کے حصے میں شمار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسا منصفانہ انتظامی و سیاسی فارمولہ تشکیل دیا جائے جس میں تمام اقوام اور شہریوں کو برابری اور انصاف کی بنیاد پر حقوق حاصل ہوں۔ بین الاقوامی اور علاقائی صورتحال پر بات کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہی اجلاس شروع ہونے والا ہے، جس کے ایجنڈے میں افغانستان کو بطور سیکورٹی مسئلہ بحث کیلئے پیش کیا جارہا ہے، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ افغانستان کے عوام اور ان کی حقیقی نمائندگی اس بحث میں موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی اور سیکورٹی کے موجودہ چیلنجز کو صرف افغانستان کے کھاتے میں ڈالنا تاریخی حقائق سے انحراف ہے۔ سرد جنگ سے لے کر نام نہاد دہشتگردی کے خلاف جنگ تک خطے میں ہونے والی بدامنی بڑی طاقتوں اور علاقائی قوتوں کی اسٹریٹیجک پالیسیوں، مفادات اور باہمی کشمکش کا نتیجہ بھی رہی ہے

بقیہ 3

دینا خطرناک ہوسکتا ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ کے مطابق اس اقدام سے امریکی سرزمین سمیت دنیا کے دیگر خطوں میں موجود خطرات سے نمٹنے کی امریکی عسکری صلاحیت کے کمزور ہونے کا شدید خطرہ ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق سیکرٹری دفاع کیلئے تیار کی گئی ایک حالیہ خفیہ رپورٹ سے واقف ذرائع نے بتایا کہ یہ انتباہ آرمی، نیوی اور ایئرفورس کے سربراہان کے ساتھ ساتھ یورپ، ایشیا اور لاطینی امریکا میں امریکی آپریشنز کی نگرانی کرنے والے فور اسٹار کمانڈرز کی جانب سے دیا گیا ہے اور اس کا اظہار 14 اگست کو جاری ہونے والی خفیہ 'سیکرٹری آف ڈیفنس آرڈرز بک (SDOB) کے ایڈیشن میں کیا گیا۔ سیکرٹری آف ڈیفنس آرڈرز بک (SDOB) عام طور پر مہینے میں دو بار تیار کی جاتی ہے جس میں دنیا بھر میں امریکی جنگی جہازوں، طیاروں، اہلکاروں اور جنگی ساز وسامان کی دستیابی کی تفصیلات درج ہوتی ہیں۔ یہ دستاویز فورسز کے حوالے سے امریکی صدر کی ترجیحات کی عکاسی کرتی ہے جن پر سیکرٹری دفاع عمل درآمد کرواتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں فوج کے اعلیٰ ترین جرنیلوں اور ایڈمرلز کی آرا اور تجاویز بھی شامل ہوتی ہیں جن کی بنیاد پر پینٹاگون اپنی ہدایات جاری کرتا ہے۔ 14 اگست کو جاری ہونے والی آرڈرز بک میں مشرق وسطیٰ میں تعینات بعض امریکی فوجیوں کو ستمبر تک جبکہ کچھ کو 2027 تک وہیں رہنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 4

سامان کی لوڈنگ اور ان لوڈنگ کی معمول کی کسی بھی سرگرمی یا نقل و حرکت سے مکمل طور پر خالی دکھائی دے رہے ہیں۔ یہ ایک ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب ملک پر عائد امریکی بحری ناکہ بندی باعث ایرانی جہاز رانی اور تجارت کو شدید پابندیوں کا سامنا ہے۔ رجائی بندرگاہ ایران کی اہم ترین تجارتی بندرگاہوں میں سے ایک ہے جو اشیا کی آمد و رفت اور برآمدات میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ اسی وجہ سے یہاں کی سرگرمیوں کا معیار ملک میں بحری تجارت کی صورتحال کا ایک اہم اشاریہ بن جاتا ہے۔ یہ پیش رفت ان امریکی اقدامات کے سایہ میں سامنے ہوئی جن کا مقصد ایران کی بین الاقوامی ترسیل اور شپنگ نیٹ ورکس کو استعمال کرنے کی صلاحیت کو محدود کرنا ہے۔

بقیہ 5

جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن کا بیان قطعی اور فیصلہ کن ہے، بانی کی بہن اور ذاتی ڈاکٹر کا اطمینان بخش بیان بیرون ملک حامیوں نے پسند نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پی ٹی آئی کے حامیوں کو ایک ایسے ماحول کی ضرورت ہے جس میں غم اور بے چینی پیدا ہو، تاکہ خوف و ہراس پھیلے، بڑے پیمانے پر احتجاج شروع ہوں، اور ایسا بحران پیدا ہو جو حکومت کی تبدیلی اور بانی کی واپسی کا باعث بن سکے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کی امیدوں پر پانی پھر گیا ہے، صورتحال کو سنبھالنے کی کوشش اب بھی غیر ملکی میڈیا کے ذریعے جاری ہیں۔ وفاقی وزیر نے سوال اٹھایا کہ کیا اس بات پر اصرار کیا جا رہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت تیزی سے خراب ہو رہی ہے؟ یہ ایک ایسا من گھڑت دعویٰ جس کی انہیں شدید ضرورت ہے۔

بقیہ 6

یونٹس بنائے بغیر نظام کی خامیاں دور نہیں ہوں گی۔ عبدالعلیم خان سے جنوبی پنجاب کی اہم سیاسی شخصیات کی ملاقات ہوئی، وفد نے نئے صوبوں کے مطالبے پر آواز اٹھانے اور مسلسل ساتھ دینے پر عبدالعلیم خان کو خراج تحسین پیش کیا اور ملتان کے دورے کی دعوت دی۔ آئی پی پی کے سیکرٹری جنرل میاں خالد محمود اور صوبائی صدر رانا نذیر احمد خان بھی موجود تھے۔ وفد سے گفتگو میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئے صوبوں کیلئے رابطہ مہم تیز، ہم خیال لوگوں کے پاس جائیں گے، صدر استحکام پاکستان پارٹی نے جلد ملتان اور بہاولپور کا دورہ کرنے کا اعلان کر دیا، کہا بہاولپور اور ملتان کے بعد ہزارہ کا بھی دورہ ہو گا۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ تبدیلی کیلئے جب تک خود کو تیار نہیں کریں گے، حالات نہیں بدلیں گے، سانحہ پمز سے سبق ملتا ہے کہ موجودہ سسٹم ہرگز درست نہیں، نئے صوبوں پر ہم آہنگی اور رائے عامہ پہلے ہی ہموار ہو چکی ہے، نئے صوبے نیا نظام کے نعرے کو عملی جامہ پہنانے کا وقت آ گیا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ چھوٹے انتظامی یونٹس بنائے بغیر نظام کی خامیاں دور نہیں ہوں گی، ماضی میں کئی رہنماؤں نے جنوبی پنجاب صوبے کا صرف نعرہ لگایا، جنوبی پنجاب صوبے کیلئے کام کچھ نہیں کیا گیا، ایمانداری سے ملکی مفاد میں نئے صوبوں کا بیڑہ اٹھایا ہے

بقیہ 7

بھی لے لیکن اگر ایران نے جوہری یا بیلسٹک میزائل بنائے تو ایران پر دوبارہ حملے کریں گے۔ انہوں نے اسرائیلی میڈیا کو دیے گئے حالیہ انٹرویو میں کہا کہ ایران جوہری پروگرام دوبارہ شروع کرنے کی غلطی دہرائے گا تو ایران کو ایک بار پھر نشانہ بنائیں گے۔ ایلی کوہن نے کہا کہ اگر اسرائیل نے حملہ نہ کیا ہوتا تو ایران جوہری ہتھیار حاصل کر چکا ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ حملوں نے ایران کے جوہری پروگرام کو دو سے چار سال پیچھے دھکیل دیا ہے۔

بقیہ 8

حجم بڑھ کر تقریباً 5920 ارب روپے ہوگیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق قرضوں کی قبل از وقت ادائیگی مؤثر قرض مینجمنٹ اور مالی نظم وضبط کی جانب اہم پیش رفت ہے، جس کے نتیجے میں مستقبل میں بڑے قرضوں کی ادائیگی کے دباؤ اور ری فنانسنگ کے خطرات میں کمی آئے گی، جبکہ حکومت کو مالی معاملات میں مزید گنجائش حاصل ہوگی۔ مشیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان نے رواں مالی سال 2026-27 کے دوران اب تک مزید 1200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی مؤثر مالیاتی پالیسیوں اور بہتر قرض مینجمنٹ کے باعث قبل از وقت قرض ادائیگی کا عمل تیز ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے اگست 2025 میں مقررہ مدت سے پہلے قرض کی 1133 ارب روپے کی ریکارڈ ادائیگی کی تھی، تاہم موجودہ 1200 ارب روپے کی ادائیگی نے سابقہ ریکارڈ بھی توڑ دیا ہے۔ مالی سال 2025-26 کے دوران بھی مجموعی طور پر تقریباً 2900 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا گیا تھا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ قبل از وقت قرض ادائیگیوں سے حکومت کے ذمے واجب الادا قرضوں کے مجموعی حجم میں کمی آئے گی اور آئندہ برسوں میں بڑی ادائیگیوں کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ پاکستان کی قرض مینجمنٹ اب روایتی ادائیگیوں تک محدود نہیں بلکہ سرکاری مالی پوزیشن کو مزید مستحکم بنانے کی سمت آگے بڑھ رہی ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق قبل از وقت ادائیگیوں سے مستقبل میں قرضوں کی ری فنانسنگ کے خطرات کم ہوں گے

بقیہ 9

لیکن یہ مفاہمت خود بخود نافذ نہیں ہوگی۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق غریب آبادی نے کہا کہ اس مفاہمت پر عمل درآمد کے لیے دوسری جانب، خصوصاً امریکا کو اپنے وعدے پورے کرنا ہوں گے۔ ان کے مطابق جب امریکی وعدے پورے کیے جائیں گے تو ایران بھی اس کے مطابق ضروری اقدامات کرے گا۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے واضح کیا کہ ایران آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کے معاملے میں جلد بازی نہیں کر رہا۔ ان کے مطابق ایران اپنی دفاعی کارروائیاں جاری رکھے گا اور ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے اقدامات بھی کرتا رہے گا۔ غریب آبادی نے کہا کہ یہ اقدامات کوئی نئی بات نہیں اور اگر واشنگٹن دوبارہ سفارت کاری کے راستے پر واپس آنا چاہتا ہے تو اسے ماضی کے اقدامات کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ آبنائے ہرمز کے حوالے سے ضروری انتظامات عمانی حکومت کے ساتھ مکمل کر لیے گئے ہیں، تاہم مفاہمت پر عمل درآمد کے لیے درکار شرائط پوری کرنے کی ذمہ داری دوسری جانب پر ہے۔

بقیہ 10

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پوری قوت اور عزم سے کھڑی قوم کو ہتھیار ڈالنے پر کوئی بھی مجبور نہیں کرسکتا۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ہم نے جنگ شروع نہیں کی اور نہ ہی ہم جنگ کے خواہاں ہیں لیکن کسی بھی جارح کے خلاف پوری قوت کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ اس موقع پر ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا کہ نئے علاقائی معاہدے اور انتظامات مسلم پڑوسی ممالک کا سیکیورٹی کے لیے غیر ملکی طاقتوں کے بجائے اپنی صلاحیتوں پر انحصار کا آغاز ہو سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقائی سیکیورٹی مسلم ممالک کے درمیان تعاون اور خواہش کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ مسلم پڑوسیوں کو دشمنیوں کی بجائے تعاون اور بھائی چارہ اپنانا چاہیے۔ محمد باقر قالیباف نے ایران میں مختلف مسالک کے درمیان اتحاد کو قومی مضبوطی اور سیکیورٹی کا ستون قرار دیا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا تھا

کہ امریکا جھوٹے میڈیا کے ذریعے توانائی مارکیٹ میں ہیرا پھیری کر کے جنگ کو طوالت دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کے عناصر امید افزا جائزے پیش کر رہے ہیں تاہم صورتحال کا اصل بوجھ امریکی صارفین اٹھا رہے ہیں۔

بقیہ 11

پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کریں گے۔ افتتاحی تقریب میں سپریم کورٹ آف پاکستان اور ہائی کورٹ آف بلوچستان کے معزز ججز سمیت معزز چیف جسٹس صاحبان بھی شرکت کریں گے۔ تقریب صبح 30:10 بجے ہائی کورٹ آف بلوچستان، کوئٹہ کے احاطے میں منعقد ہوگی۔ نئے قائم کردہ سہولت سنٹر کے قیام کا مقصد سائلین اور وکلا کو آسان، بروقت اور بہتر خدمات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ عدالتی امور سے متعلق ضروری سہولیات ایک ہی جگہ فراہم کرنا ہے۔ سہولت سنٹر کے قیام سے سائلین کو درپیش مشکلات میں کمی اور انہیں مختلف عدالتی خدمات تک رسائی میں مزید آسانی پیدا ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 12

عمومی کے اہم اجلاس سے خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں جے یو آئی سندھ کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں مولانا عبدالقیوم ہالیجوی، مولانا عطاء الرحمن، انجینئر ضیاء الرحمن، علامہ راشد محمود سومرو، مولانا سعود افضل ہالیجوی، محمد اسلم غوری، مولانا سراج احمد شاہ امروٹی، مولانا عبدالمجیب قریشی سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا، جبکہ سندھ بھر سے مجلس عمومی کے اراکین کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہر دور میں آمریت اور غلط پالیسیوں کی مخالفت کی ہے۔ جنرل ایوب خان، جنرل ضیاء الحق اور جنرل پرویز مشرف کی پالیسیوں کے خلاف جے یو آئی نے میدان میں نکل کر اصولی موقف اختیار کیا۔ ہم کسی کی خواہش یا طے کردہ ترجیحات کے مطابق نہیں چل سکتے بلکہ ملک وقوم کے مفاد اور آئین کے دائرے میں اپنی سیاست کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک جس مقام پر کھڑا ہے، وہ حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ ملک میں امن وامان کی صورتحال تباہ ہو چکی ہے، معاشی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور قومی مسائل کے زخم مزید گہرے ہوتے جا رہے ہیں۔ حکومت کو سنجیدگی کے ساتھ موجودہ صورتحال کا جائزہ لینا ہوگا کیونکہ ملک مزید غلط فیصلوں اور تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ جے یو آئی سربراہ نے کہا کہ بھارت کا ذکر کیا جاتا ہے تو یہ حقیقت بھی سامنے رکھنی چاہیے کہ وہ اس وقت دنیا کی چوتھی بڑی معیشت بن چکا ہے اور اس کے زرمبادلہ کے ذخائر سینکڑوں ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں، جبکہ پاکستان کی معیشت مسلسل مشکلات سے دوچار ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر محدود سطح پر ہیں۔ ہمیں جذباتی نعروں کے بجائے اپنی معاشی، سیاسی اور خارجہ پالیسیوں کا حقیقت پسندانہ جائزہ لینا ہوگا۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ خطے میں کیا ہو رہا ہے، قوم کو اس سے آگاہ کیا جانا چاہیے۔ اگر بعض معاملات عوامی سطح پر بیان نہیں کیے جاسکتے تو پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے۔ خطے کے ممالک کے ساتھ تعلقات کس نوعیت کے ہونے چاہئیں، یہ اہم قومی معاملہ ہے جس پر سنجیدگی کے ساتھ غور اور قومی سطح پر مشاورت ضروری ہے۔ انہوں نے صوبوں کی تقسیم اور نئے صوبے بنانے کی باتوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ صوبوں کو تقسیم کرنے اور عوام کو آپس میں لڑانے کی سازشیں کسی صورت قبول نہیں کی جائیں گی۔ ملک کو تقسیم کرنے کے علاوہ بعض حلقوں کے پاس کوئی اور ایجنڈا نظر نہیں آتا۔ صوبوں کی تقسیم کی بات ایسے وقت میں کی جارہی ہے جب ملک کا ماحول اس قسم کے نئے تنازعات کا متحمل نہیں ہوسکتا اور نہ ہی ملکی معیشت مزید انتشار برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت اور سیاسی عمل کا بنیادی حق ہے۔ اگر کوئی آپ کی رائے سے اختلاف کرتا ہے تو اسے دشمن نہیں سمجھنا چاہیے۔ ملک کو جبر اور طاقت کے ذریعے نہیں چلایا جاسکتا، عوام کی رائے اور ان کی حقیقی نمائندگی کو تسلیم کرنا ہوگا۔

بقیہ 13

ہوئی جس میں نارووال میں بجلی کی لوڈشیڈنگ، ٹرانسفارمرز، بجلی کی خرابی اور لوڈ مینجمنٹ سے متعلق عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے نارووال میں بجلی کے مسائل کے فوری حل اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے اہم ہدایات جاری کیں اور فیصلہ کیا گیا کہ لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں تبدیلی اور عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ نارووال کے شہری علاقوں میں ٹرانسفارمر یا بجلی کی خرابی کی صورت میں 2 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں 4 گھنٹے کے اندر بجلی بحال کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ملاقات میں طے پایا کہ بجلی کی لوڈ مینجمنٹ بہتر بنانے کے لیے مزید ٹرانسفارمرز اور فور کور تار جلد از جلد فراہم کیے جائیں گے۔ ٹرانسفارمرز کی خرابی کی صورت میں فوری مرمت کے لیے نارووال میں ٹرانسفارمر ورکشاپ بھی قائم کی جارہی ہے تاکہ مرمت کے عمل میں تاخیر نہ ہو۔ قلعہ احمد آباد سمیت دیگر علاقوں کو نارووال گیپکو سرکل میں شامل کرنے کے حوالے سے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں جس سے ان علاقوں کے بجلی سے متعلق مسائل کے حل میں مزید بہتری آئے گی

بقیہ 14

کیف کے نواحی علاقے میں اسلحہ ڈپو پر کیا گیا تھا۔ دھماکے سے 50 رہائشی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا۔ یوکرین کے صدر زیلنسکی نے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسلحہ ڈپو شہری آبادی میں نہیں ہونا چاہیے تھا اور جو اس کے ذمے دار ہیں انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ زیلنسکی نے کہا کہ شہری آبادی میں اسلحہ ڈپو کو لاپرواہی تسلیم کر کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئیں

ہے۔ انہوں نے ساتھ ہی روس کو بھی خبردار کیا کہ اسے اپنے ہر اقدام کے ردعمل کا سامنا ہوگا۔

بقیہ 15

ہیں، نوجوانوں کو جدید آئی ٹی، کاروباری اور مارکیٹ سے متعلق مہارتوں سے آراستہ کر کے ڈیجیٹل معیشت میں ملک کا کردار مزید مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ وہ پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن (PAFLA) کے زیر اہتمام منعقدہ پہلی نیشنل ریکگنیشن تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں آئی ٹی انڈسٹری، ڈیجیٹل اکانومی، تعلیمی اور کاروباری شعبوں سے وابستہ اہم شخصیات نے شرکت کی۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان کی بڑی نوجوان آبادی ملک کے مستقبل کی تشکیل اور سماجی و معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے، تاہم اس کے لیے ضروری ہے کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی، آئی ٹی، کاروباری اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور گورنر ہاؤس کے تعاون سے سندھ کے نوجوانوں کے لیے مختلف اسکل ڈویلپمنٹ پروگرامز شروع کیے گئے ہیں، جن کا مقصد انہیں مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا اور روزگار و کاروبار کے بہتر مواقع سے جوڑنا ہے۔ نہال ہاشمی نے بتایا کہ پاکستان میں تقریباً 30 لاکھ فل ٹائم اور پارٹ ٹائم فری لانسرز خدمات انجام دے رہے ہیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کے دوران پاکستانی فری لانسرز نے ڈیجیٹل خدمات کے ذریعے 1.76 ارب ڈالر سے زائد زرمبادلہ کمایا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل معیشت میں نوجوانوں کے لیے بے پناہ مواقع موجود ہیں، انہیں جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہو کر اپنی صلاحیتوں کو عالمی سطح پر متعارف کرانا ہوگا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کا وژن ہے کہ 2030 تک پاکستان کی آئی ٹی برآمدات کو 25 ارب ڈالر تک پہنچایا جائے

بقیہ 16

پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (سی ڈی ڈبلیو پی) کا اجلاس ہوا جس میں اڑان پاکستان پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 60.259 بلین روپے مالیت کے پانچ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں 11.714 بلین روپے مالیت کے تین منصوبوں کی منظوری دی گئی جبکہ 48.545 بلین روپے مالیت کے دو بڑے منصوبے مزید غور اور منظوری کے لیے نیشنل اکنامک کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی (ایکنک) کو بھجوانے کی سفارش کی گئی۔ یہ منصوبے حکومت کے ترقیاتی اور اصلاحاتی ایجنڈے اڑان پاکستان کا حصہ ہیں، جن کا مقصد انسانی سرمائے کو مضبوط، بنیادی ڈھانچے اور طرز حکمرانی کو جدید بنانا اور پائیدار و جامع اقتصادی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ اجلاس میں گلگت میں میڈیکل و نرسنگ کالج کے قیام کے نظرثانی شدہ منصوبے کی 4.924 بلین روپے لاگت کی منظوری دی گئی۔ منصوبے کا جائزہ لیتے ہوئے احسن اقبال نے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں میڈیکل اور نرسنگ کی تعلیم کے مواقع بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ مقامی سطح پر تربیت یافتہ طبی افرادی قوت تیار کی جاسکے اور دیہی و پہاڑی علاقوں میں صحت کی سہولیات کی فراہمی بہتر ہو۔ انہوں نے منصوبہ جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ 2017 میں شروع کیا گیا تھا تاہم ناکافی فنڈز کے باعث تاخیر کا شکار رہا۔ سی ڈی ڈبلیو پی نے ڈیفنس کمپلیکس اسلام آباد میں نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے ایف سی ایس کیمپس کے قیام کی بھی 2.753 بلین روپے لاگت کی منظوری دی۔ وفاقی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ قومی ترقی کے اہداف سے ہم آہنگ تحقیق کے لیے پلاننگ کمیشن کے ساتھ تعاون کیا جائے بالخصوص 2035 تک ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت اور 100 ارب ڈالر کی برآمدات کے حصول کے حوالے سے تحقیق کو فروغ دیا جائے اور اس سلسلے میں مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے جائیں۔ انہوں نے پلاننگ منسٹری کے عملے کی استعدادکار بڑھانے کے لیے متعلقہ تربیتی پروگراموں میں شامل کرنے کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ جامعات کو اعلیٰ معیار کی تحقیق کے ذریعے قومی مسائل کے شواہد پر مبنی حل فراہم کرنے چاہئیں۔ اجلاس میں ضلع اورکزئی میں زیرا سے دبوری تک 53.4 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کے منصوبے کی بھی 4.037 بلین روپے لاگت کی منظوری دی گئی۔ احسن اقبال نے منصوبے کی تکمیل میں سہولت کے لیے موسم سرما کے آغاز سے قبل باقی ماندہ فنڈز جاری کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ 2016 سے زیرالتوا ہے اور وفاقی فنڈنگ سے تعمیر ہونے والی یہ سڑک ضلع اورکزئی میں رابطوں کو بہتر بنانے کے ساتھ ضم شدہ اضلاع کی ترقی کے لیے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ سی ڈی ڈبلیو پی نے کراچی نیبرہڈ امپروومنٹ پروجیکٹ کے 19.545 بلین روپے مالیت کے نظرثانی شدہ منصوبے کو مزید غور کے لیے ایکنک کو بھجوانے کی سفارش کی۔ منصوبے کی مالی معاونت غیر ملکی فنڈنگ کے ذریعے کی جائے گی جبکہ مقامی حصہ حکومت سندھ کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (اے ڈی پی) سے فراہم کیا جائے گا۔ منصوبے کا جائزہ لیتے ہوئے احسن اقبال نے ہدایت کی کہ غیر ملکی فنڈنگ سے چلنے والے ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی، شفافیت اور احتساب کے لیے ایک جامع فریم ورک تیار کیا جائے، اس مقصد کے لیے ممبر (آبادی)، ممبر (انفراسٹرکچر) اور وزارت اقتصادی امور کے نمائندے پر مشتمل کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی گئی۔ وفاقی وزیر نے زور دیا کہ غیر ملکی قرضوں سے مالی اعانت حاصل کرنے والے منصوبوں میں رقم کا بہترین استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قرض سے حاصل ہونے والے فنڈز کو مؤثر، شفاف اور صرف مقررہ مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے لیے مضبوط نگرانی کا نظام قائم کیا جائے۔ اجلاس میں بلوچستان سوشیو اکنامک ڈویلپمنٹ پروجیکٹس فیز تھری کے تحت میرانی ڈیم سے گوادر ٹاؤن تک پانی کی فراہمی کے منصوبے کو بھی 29 ارب روپے کی لاگت سے ایکنک کو بھجوانے کی سفارش کی گئی۔ منصوبے کا مقصد پانی کی فراہمی کے بنیادی ڈھانچے اور دیگر متعلقہ سہولیات کی تعمیر کے ذریعے گوادر کو پائیدار بنیادوں پر پانی فراہم کرنا ہے۔ احسن اقبال نے صوبائی حکومت کو گوادر میں سیوریج کے پانی کو صاف کرنے کے لیے مطالعاتی جائزہ شروع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر کو ایسی صورتحال کا سامنا نہیں ہونا چاہیے جہاں بغیر ٹریٹمنٹ سیوریج سمندر کو آلودہ کرے۔ انہوں نے وقت بچانے کے لیے منصوبے کو بولی کے مرحلے میں جانے کی اجازت بھی دی تاہم واضح کیا کہ ایکنک کی منظوری تک کسی معاہدے پر دستخط یا ٹھیکہ جاری نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری منصوبہ بندی، چیف اکانومسٹ، وائس چانسلر پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائیڈ)، پلاننگ کمیشن کے اراکین، وفاقی سیکرٹریز، صوبائی محکموں کے منصوبہ بندی و ترقی کے سربراہان اور متعلقہ وفاقی وزارتوں و صوبائی حکومتوں کے سینئر نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ 17

کردیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 21 کے پمز کے ای ڈی ڈاکٹر رانا عمران سکندر کو 4 ماہ کیلئے معطل کر دیا گیا، این آئی ایچ کے ڈاکٹر محمد سلمان کو 3 سال کیلئے پمز کا ایگزیکٹو ڈائریکٹر تعینات کیا گیا ہے، ڈاکٹر سلمان این آئی ایچ کے بھی ایگزیکٹو ڈائریکٹر رہیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر الطاف حسین کو 3 ماہ کیلئے پمز ہسپتال کا جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر تعینات کیا گیا ہے، پمز ہسپتال کے دیگر شعبوں سے متعلق بھی انتظامی نوٹیفکیشن جاری کر دیے گئے۔ یاد رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے پمز سانحے پر ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عمران سکندر سمیت 8 افراد کو فوری معطل کر کے کارروائی کرنے کی منظوری دی تھی۔ ان 8 افراد میں پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عمران سکندر، سکیورٹی پر مامور کمپنی اور عہدیداران کے خلاف کارروائی کی بھی منظوری دی گئی تھی، معطل ہونے والوں میں جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز ڈاکٹر مطاہر شاہ اور ڈاکٹر اویس علی شاہ شامل تھے۔ ان کے علاوہ ڈاکٹر نوشابہ امجد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سکیورٹی محمد عثمان، سی ڈی اے کے ایمرجنسی سروس کے ڈی جی عبدالرحمان، نیوٹیکل ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ ڈاکٹر سعدیہ ریاض اور سینئر رجسٹرار بھی معطل ہونے والوں میں شامل تھے۔

بقیہ 18

پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں سماعت (آج) پیر کو ہوگی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر شہری وقاص ناصر کی درخواست پر سماعت کریں گے۔ درخواست وکلا محمد جلال حیدر اور یحییٰ فرید خواجہ ایڈووکیٹس کے توسط سے دائر کی گئی ہے، جس میں 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے حوالے سے مؤثر عمر کی تصدیق کا نظام وضع کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں بچوں کو سوشل میڈیا کے مضر اثرات، سائبر بلنگ، آن لائن ہراسگی اور نقصان دہ مواد سے محفوظ بنانے کے لیے جامع قانونی و ریگولیٹری فریم ورک تشکیل

دینے کی درخواست کی گئی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو بچوں کے تحفظ کے لیے خصوصی ذمہ داریاں دینے اور عمر کی تصدیق، والدین کے کنٹرول اور نقصان دہ مواد سے تحفظ کا مؤثر نظام بنانے کی بھی استدعا کی گئی ہے

بقیہ 19

کے مطابق اجلاس میں تینوں ممالک کے اعلیٰ حکام شرکت کریں گے جبکہ نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار استنبول پہنچ گئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ترک وزارتِ خارجہ کے ذرائع نے کہا کہ ترکیے، سعودی عرب اور پاکستان کے اعلیٰ حکام رواں ماہ طے پانے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پہلی کمیٹی کے اجلاس کے لیے پیر کے روز استنبول میں جمع ہوں گے۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق ترک وزارتِ خارجہ کے ذرائع نے بتایا کہ استنبول میں ہونے والے اس اہم اجلاس میں تینوں ممالک کے وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور مسلح افواج کے چیفس آف اسٹاف شرکت کریں گے

بقیہ 20

جہاں پاکستان تنظیم کی صدارت سنبھالے گا۔ حکومت پاکستان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وزیراعظم شہباز شریف دورہ کرغزستان میں ایس سی او سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے جہاں بشکیک اجلاس کے بعد پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم کی ایک سال کے لیے صدارت سنبھالے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف 31 اگست کو کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک پہنچیں گے، اور تنظیم کے سربراہان مملکت کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کا اجلاس 31 اگست سے یکم ستمبر تک بشکیک میں ہوگا۔ اجلاس میں رکن ممالک کے سربراہان اور اعلیٰ سطح کے نمائندگان شرکت کریں گے، یکم ستمبر کو ایس سی او پلس فارمیٹ میں بھی اجلاس ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف اجلاس سے خطاب میں علاقائی امن و سلامتی، دہشت گردی کے خلاف تعاون، معاشی روابط، تجارت، رابطہ کاری اور خطے میں ترقی کے لیے کثیرالجہتی تعاون کے حوالے سے پاکستان کا مؤقف پیش کریں گے

بقیہ 21

مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مل کر اس تاریخی فتح کی خوشی مناتے ہیں اور غازی مصطفیٰ کمال اتاترک سمیت ترکیہ کی جنگِ آزادی کے تمام ہیروز اور شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اتوار کو ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہم ترک قوم کے عزم، حوصلے اور ثابت قدمی کے لازوال جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ باہمی اعتماد، محبت اور دونوں اقوام کے درمیان گہری قلبی وابستگی پر مبنی غیر معمولی برادرانہ رشتے میں بندھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دوطرفہ تعلقات وقت کے ساتھ ساتھ ایک جامع اور کثیر جہتی شراکت داری کی شکل اختیار کر چکے ہیں

بقیہ 22

کے باعث متعدد پاور پلانٹس سے بجلی کی پیداوار میں کمی آگئی ہے۔ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کے ذرائع کے مطابق ایندھن کی قلت کے باعث بجلی کی پیداوار متاثر ہونے سے مجموعی شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا ہے، جس کے نتیجے میں لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 3 سے 5 گھنٹے تک پہنچ گیا ہے۔ این ٹی ڈی سی ذرائع کے مطابق آر ایل این جی کا جہاز پورٹ پر نہ پہنچنے کے باعث گیس کی دستیابی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ گیس اور تیل کی بچت کے لیے متعدد پاور پلانٹس کو ان کی مکمل پیداواری صلاحیت کے بجائے کم صلاحیت پر چلایا جا رہا ہے

بقیہ 23

ہے۔ حکومت بلوچستان کے مطابق محکمہ صحت میں غیر حاضری اور فرائض میں غفلت برتنے والے 11 ہزار ملازمین کی تنخواہوں سے مجموعی طور پر 29 کروڑ روپے کی کٹوتی کی گئی ہے، جبکہ 100 سے زائد ملازمین کو ملازمت سے برطرف کیا جا چکا ہے۔ حکام کے مطابق مزید 402 ملازمین کے خلاف کارروائی کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے، جس کے بعد محکمہ صحت میں حاضری اور سرکاری فرائض کی انجام دہی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا ہے کہ سرکاری ملازمین کی بنیادی ذمہ داری عوام کو بروقت اور معیاری خدمات فراہم کرنا ہے، عوامی خدمت میں غفلت یا غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت کا کہنا ہے کہ سرکاری اداروں میں نظم و ضبط بہتر بنانے اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے احتساب کا عمل بلا امتیاز جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 24

کہا ہے کہ پنک الیکٹرک اسکوٹی اور تربیتی پروگرام میں خواتین کی غیر معمولی دلچسپی حکومت سندھ کی خواتین کو بااختیار بنانے کی پالیسی کا واضح ثبوت ہے۔ ایک بیان میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ پنک الیکٹرک اسکوٹی اور تربیتی پروگرام کے لیے اب تک 50 ہزار سے زائد خواتین درخواستیں دے چکی ہیں، جبکہ سندھ حکومت کی جانب سے 2 ہزار سے زائد خواتین کو ڈرائیونگ اور متعلقہ تربیت فراہم کی جا چکی ہے۔ تربیتی پروگرام کراچی، حیدرآباد، سکھر، میرپور خاص اور شہید بینظیر آباد سمیت صوبے کے مختلف شہروں میں جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد زیادہ سے زیادہ خواتین کو محفوظ طریقے سے اسکوٹی چلانے کے قابل بنانا ہے تاکہ انہیں روزمرہ آمدورفت میں سہولت حاصل ہو اور وہ معاشی و سماجی سرگرمیوں میں مزید فعال کردار ادا کرسکیں۔ شرجیل انعام میمن نے بتایا کہ پنک الیکٹرک اسکوٹی پروگرام کے پہلے مرحلے میں 925 جبکہ دوسرے مرحلے میں 476 اسکوٹیز مختص کی گئی تھیں۔

بقیہ 25

ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر خوارج کے ٹھکانے کا سراغ لگا کر مؤثر فضائی نگرانی کی اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے درست کارروائی کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کو کاری ضرب لگائی۔ خوارج کے قبضے سے بڑی مقدار میں عسکری سامان اور آلات کی برآمدگی بھی اہم کامیابی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو نقصان پہنچانے اور بے گناہ شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ریاستی ادارے پوری قوت، عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن کے دشمنوں کو مسترد کیا ہے اور وہ اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام تک دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی وزیراعلیٰ نے کارروائی میں حصہ لینے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک و قوم کے تحفظ کے لیے ان کی خدمات اور قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں

بقیہ 26

نواز شریف نے کیا اور اس فیصلے میں کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی گئی، افتخار گیلانی کو وزیراعظم آزاد کشمیر بنانے کا فیصلہ پارٹی قیادت اور نواز شریف نے باہمی مشاورت سے کیا، قیادت کے لیے یہ ایک مشکل فیصلہ تھا تاہم بالآخر افتخار گیلانی کے حق میں فیصلہ کیا گیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پارٹی صدر شاہ غلام قادر ہر قیمت پر ساتھ رہیں گے جبکہ انہیں اور سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر کو بھی پارٹی ٹیم میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 27

دو وزیر خارجہ نے مزار پر عقیدت و احترام کا اظہار کیا اور پاکستان و پاکستانی عوام کے امن، خوشحالی اور مسلم امہ کے اتحاد و یکجہتی کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔

بقیہ 28

فتح کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان دونوں ممالک کی مشترکہ خوشحالی اور سلامتی کے لیے ترکیہ کے ساتھ تمام شعبوں میں اپنی سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط اور گہرا کرنے کے عزم پر ثابت قدم ہے۔ اتوار کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ اپنے عزیز بھائی صدر رجب طیب اردوان، حکومتِ ترکیہ اور برادر عوام جمہوریہ ترکیہ کو یوم فتح کی خوشیوں کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 30 اگست اس تاریخی فتح کی یاد دلاتا ہے جو غازی مصطفیٰ کمال اتاترک کی قیادت میں حاصل کی گئی اور جس نے جدید ترک جمہوریہ کی بنیادیں استوار کیں، پاکستان اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مل کر جرات اور قومی عزم کی اس عظیم اور قابل فخر میراث کو

خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعلقات دلوں کے رشتے ہیں، جو مشترکہ ایمان، تاریخ اور صدیوں پر محیط جدوجہد سے مضبوط ہوئے ہیں، آج ہمارے دونوں ممالک نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے ذریعے پائیدار برادرانہ تعلقات کے اس سٹریٹجک اظہار کی تجدید کی ہے، جو ہمارے دونوں ممالک کو برادر مملکت سعودی عرب کے ساتھ مشترکہ سلامتی اور اجتماعی دفاع کے مشترکہ مقصد میں یکجا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دونوں ممالک کی مشترکہ خوشحالی اور سلامتی کے لیے ترکیہ کے ساتھ تمام شعبوں میں اپنی سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط اور گہرا کرنے کے عزم پر ثابت قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کرے کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دائمی دوستی اور بھائی چارے کے رشتے آنے والی نسلوں تک اسی طرح پھلتے پھولتے رہیں۔

بقیہ 29

رہیں گے۔ اتوار کو ایکس پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخ، ایمان اور باہمی تعاون کے گہرے رشتوں پر مبنی منفرد اور پائیدار تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 30 اگست 1922 کی عظیم فتح ترکیہ کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے اور اس امر پر اعتماد کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات مزید فروغ پاتے رہیں گے۔ صدر مملکت نے صدر رجب طیب اردوان اور ترک عوام کے لیے مسلسل امن، خوشحالی اور کامیابی کی دعا کی۔

بقیہ 30

تحریری پیغام میں انہوں نے کہا کہ امریکی اور اسرائیلی مجرم حکمران صرف ایران کے نہیں تمام مسلم امہ کے دشمن ہیں، خلیجی ممالک اپنے حقیقی دشمن کی شناخت کریں۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے اپنے پیغام میں کہا کہ حقیقی دشمن کے منصوبوں کو سمجھیں اور اس کا مقابلہ کریں۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے دنیا بھر کے مسلمانوں پر اتحاد قائم کرتے ہوئے دشمنوں کے خلاف باہمی دفاع اور باہمی تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا۔ ایران کے رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای کا یہ پیغام رسول اکرم ﷺ کی ولادت کے موقع پر جاری کیا گیا۔

بقیہ 31

دارالحکومت ویانا میں موجودگی نے بلاول بھٹو کی ممکنہ منگنی اور شادی کے حوالے سے گردش کرنے والی خبروں کو مزید تقویت دے دی ہے۔ پیپلز پارٹی کے ایک باعتماد ذریعے نے بتایا ہے کہ صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری ممکنہ منگنی اور آسٹریا کے سابق شاہی خاندان سے تعلق رکھنے والے ایک ممتاز یورپی خاندان میں شادی کے حوالے سے بات چیت کے لیے ویانا میں موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق دونوں تین روز قبل آسٹریا پہنچے تھے اور اس دوران ممکنہ دلہن کے اہل خانہ سے تین ملاقاتیں بھی ہو چکی ہیں۔ ذرائع نے کہا کہ صدر زرداری اور بلاول بھٹو زرداری آسٹریا کے دورے کے بعد برطانیہ روانہ ہوں گے، جہاں لندن سمیت دیگر علاقوں میں ان کا تقریباً 10 روز قیام متوقع ہے۔ اس دوران ممکنہ دلہن کے خاندان کے بعض افراد کی بھی بھٹو زرداری خاندان کے ہمراہ موجودگی کی توقع ظاہر کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو کی ممکنہ دلہن کے حوالے سے گردش کرنے والی اطلاعات میں انہیں آسٹریا کے سابق شاہی خاندان ہاؤس آف ہیبسبرگ لورین سے منسلک کیا جا رہا ہے، جبکہ بعض رپورٹس میں انہیں آسٹریا کے آخری شہنشاہ کارل اول کے خاندان سے تعلق رکھنے والی شخصیت قرار دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو اور ممکنہ دلہن ایک دوسرے کو کئی برس سے جانتے ہیں اور ان کے کئی مشترکہ دوست بھی ہیں۔ ممکنہ شادی رواں سال کے اختتام پر ویانا میں ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں، تاہم ان اطلاعات کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہوسکی۔ ایوان صدر نے 27 اگست کو صدر آصف علی زرداری کے نجی دورے پر بیرون ملک روانگی کی تصدیق کی تھی، تاہم دورے کے مقصد کے بارے میں کوئی تفصیلات جاری نہیں کی گئی تھیں۔ ذرائع کے مطابق صدر زرداری برطانیہ میں تقریباً دو ہفتے قیام کر سکتے ہیں، جو کئی برسوں کے دوران ان کا برطانیہ کا طویل ترین دورہ ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ بلاول بھٹو کی بہنیں بھی لندن میں خاندان کے دیگر افراد کے ہمراہ موجود ہیں، جبکہ بلاول کی خالہ اور سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی صاحبزادی صنم بھٹو بھی لندن میں موجود ہیں۔ تاہم بھٹو زرداری خاندان یا پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے بلاول بھٹو کی منگنی یا شادی کے حوالے سے تاحال کوئی باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا۔ دوسری جانب

دینے کی تجویز دی تھی تاکہ آئندہ کسی بچی کے ساتھ زیادتی کا واقعہ پیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ مجرموں کے خلاف مؤثر کارروائی اور پولیس اصلاحات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی ایک متاثرہ بچی کے گھر آمد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر حکمران متاثرہ خاندان کے ساتھ غم میں شریک ہوتے ہیں تو انہیں یہ بھی بتانا چاہیے کہ پولیس اصلاحات اب تک کیوں نہیں ہوئیں۔ حکومت کو مجرموں پر ہاتھ ڈالنا ہوگا تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ہوسکے۔ عوام کو تحفظ فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ جماعت اسلامی کو اقتدار ملا تو ملک میں سب کے لیے برابر مواقع پیدا کیے جائیں گے اور ایسا نظام لایا جائے گا جس میں عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ملک میں مخصوص طبقے کو مراعات حاصل ہیں، عام آدمی کے لیے کاروبار کرنا بھی مشکل بنا دیا گیا ہے۔ طلبہ، مزدور اور چھوٹے کسان ٹیکسوں اور مہنگائی کا بوجھ اٹھا رہے ہیں، سینکڑوں مربع اراضی کے مالکان بھی ٹیکس نہیں دیتے۔ عام آدمی کو ملک میں بہتر سفری سہولیات تک دستیاب نہیں، افسران اور وزرا بڑی اور مہنگی ترین گاڑیوں میں گھومتے ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ سرکاری افسران اور وزرا 1300 سی سی کی گاڑیوں میں کیوں نہیں آتے۔ حکمران عوام سے بھتہ وصولی کی بجائے اپنی عیاشیاں ختم کریں، چھوٹی گاڑیوں پر آئیں، افسر شاہی کو مفت پٹرول کی سہولت، گیس کی مراعات اور بجلی پر دی جانے والی سبسڈی ختم کی جائے۔ ملک میں تقریباً ڈھائی کروڑ موٹرسائیکلیں ہیں، حکمران موٹرسائیکل سواروں پر مسلسل بوجھ ڈال رہے ہیں اور مراعات یافتہ طبقے کو چھوڑ رہے ہیں۔ ہر موٹرسائیکل سوار ایک لٹر پٹرول پر ایک سو تیس روپے بھتہ دیتا ہے۔ حکومتی پالیسیوں نے صنعتیں تباہ کر دی ہیں، غریب مزدور رل گیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکمرانوں نے میٹرو بس اور اورنج ٹرین بنا کر سمجھا کہ انہوں نے بڑا کارنامہ انجام دے دیا، جبکہ دنیا کے کئی ممالک میں زیرزمین ٹرینوں کا جدید نظام موجود ہے۔ لاہور میں بھی سب وے کا نظام ہونا چاہیے تھا۔ اگر پابندیوں کے باوجود ایران زیرزمین ٹرین کا منصوبہ بنا سکتا ہے تو پاکستان ایسا کیوں نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بجلی پیدا نہ ہونے کے باوجود آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں رقم عوام سے وصول کی جا رہی ہے۔ جماعت اسلامی کے دھرنوں سے پہلے عام لوگوں کو آئی پی پیز کے بارے میں علم تک نہیں تھا، ہمارے احتجاج کے بعد حکومت ان سے مذاکرات پر مجبور ہوئی اور عوام کو بجلی کے بلوں میں ریلیف ملا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے کسی ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ عوام کے حقوق کے لیے ہیں

بقیہ 35

سیکرٹریز اور سینئر حکام نے متعلقہ شعبہ جات کی کارکردگی، اصلاحات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے محکموں کی جانب سے پیش کردہ بریفنگ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام تک براہ راست فائدہ پہنچانے والے منصوبوں کو ترجیح دی جائے اور ان کی مقررہ وقت میں تکمیل یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام محکمے عوامی خدمت، فلاح و بہبود میں مزید بہتری لانے کے لیے اپنی کاوشیں تیز کردے اور ہر سطح پر شفافیت کو فوقیت دے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ڈیجیٹل سروسز کے نفاذ کو تیز کیا جائے، غیر ضروری آسامیوں کے خاتمے کے عمل کو شفاف انداز میں مکمل کیا جائے اور عوامی منصوبوں کی معیار اور سخت مانیٹرنگ پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ سیکرٹریز نے اپنی رپورٹس میں عوامی خدمات کے فروغ، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، اور وسائل کے شفاف استعمال کی تفصیلات شیئر کیں۔ اجلاس میں خاص طور پر ڈیجیٹائزیشن کے تحت آن لائن سروسز، ای۔رپورٹنگ اور ڈیجیٹل مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کو تیز کرنے کی کوششوں کو سراہا گیا

بقیہ 36

گئے۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق استنبول آمد پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کا استقبال ڈپٹی چیف آف اسٹاف برائے انتظامیہ بریگیڈیئر جنرل شیتو داروول، ترکیہ میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر یوسف جنید، ترک وزارت خارجہ کے سفیر جہاد ہرگینالئے اور ترک حکومت کے دیگر اعلیٰ حکام نے کیا۔

REDAMCO
RAILWAY ESTATE DEVELOPMENT AND MARKETING COMPANY (PVT) LTD
MINISTRY OF RAILWAYS - STATE OWNED ENTERPRISE

PUBLIC PRIVATE PARTNERSHIP
TENDER NOTICE FOR EXCLUSIVE SELLING RIGHTS AT PAKISTAN RAILWAY NETWORK

1. Railway Estate Development & Marketing Company (Pvt) Limited (REDAMCO) invites sealed Tenders from firms/ vendors registered with Income Tax and Sales Tax Departments and who are also on Active Taxpayers List (ATL) of FBR, for the following categories: -

S. No	Description of Categories	Bid Security (Rs)	Estimated Cost	Annual Increase
a.	TETRA PACK MILK & YOGURT	200,000/-	10,000,000/-	10%
b.	TEA & TEA BAGS / COFFEE	200,000/-	10,000,000/-	10%

2. Bidding documents, containing detailed terms and conditions, can be obtained from below mentioned address during working hours or can be downloaded from www.redamco.com.
3. Sealed Bids for each product, marked at the top right corner, containing sealed Technical Bid & Financial Bid shall be submitted at the office of the undersigned in shape of Bank Draft/Pay Order/ CDR in favour of Railway Estate Development and Marketing Company (Pvt) Limited as Bid Processing fee.
4. The bids, prepared in accordance with the instructions in the bidding documents, shall be submitted on or before 02:30 PM on 15th September 2026.
5. The bids shall be opened on 15th September 2026 at 03:00 PM hours in the presence of bidders/ authorized representatives of the firms.
6. REDAMCO reserves the right to reject all bids at any time prior to the acceptance of a bid without incurring any liability, as per PPRA Rules 2004.
7. Incomplete, conditional bids and bids without specified bid security will be rejected.
8. The procuring agency shall not consider any bid did not ensure the compliance of terms & conditions expressed in the advertisement.
9. The Bidding shall be conducted through Competitive Bidding (Single Stage - Single Envelope) procedure specified in the Public Procurement Rules 2004 (amended up to date), and is open to all eligible bidders as defined in the bidding document.
10. The bidders shall quote their best and final prices (exclusive of all applicable taxes). No negotiations shall be entertained after submission of bids. The accepted amount shall be subject to a 10% annual increase as specified in the bidding documents.

For information visit our website (www.redamco.com) or contact Manager Marketing REDAMCO.

PID(I)1949/26

MANAGER MARKETING – (CELL 0329-5975969 – 0302-5269452)
Phone:051-9278717-20 & Email mm@redamco.com
RAILWAY ESTATE DEVELOPMENT AND MARKETING COMPANY (PVT) LTD (REDAMCO)
1ST FLOOR, CORPORATE OFFICE, SERVICE ROAD (SOUTH), SECTOR I-11/1, ISLAMABAD, PAKISTAN www.redamco.com

کوئٹہ، نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کی چیئر پرسن نورین بانو لہڑی کے ہمراہ ملاقات کے بعد خواتین پارلیمنٹرین کا گروپ فوٹو

ہرنائی، شہر کے مختلف حصوں میں سخت نائٹ پٹرولنگ کا سلسلہ جاری

عوامی تحفظ اور امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے، عبدالحفیظ جکھرانی

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کو برقرار رکھنے اور عوام الناس کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2پر)

شمس الحق اور فضل دین کا موسیٰ خیل بازار کا تفصیلی دورہ

صوبے کے کسانوں اور زمینداروں کو معیاری زرعی سہولیات اور ادویات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے

موسیٰ خیل (خ ن) محکمہ زراعت ضلع موسیٰ خیل کے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع شمس الحق اور ڈپٹی ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن فضل دین نے موسیٰ خیل بازار کا تفصیلی دورہ کیا (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری گورنمنٹ ڈگری کالج کی لائبریری کا معائنہ کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

کسی کو بلوچستان کی ننگ و ناموس سے کھیلنے کی اجازت نہیں دینگے، نواب زہری

جھالاوان کا امن اور استحکام ہمارے لیے انتہائی عزیز ہے، علاقے میں قیامِ امن کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں

واقعے میں ملوث عناصر خواہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں، انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قبائلی و سیاسی رہنماؤں سردار محمد علی جنگ اور میر محمد اکبر جنگ نے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2پر)

میر نعیم خان عمرانی کا بلا مقابلہ انتخاب جے یو آئی کی عوامی مقبولیت کا مظہر ہے، ضلعی قیادت

بلدیاتی ادارے عوام کے مسائل کے حل اور بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ، سرپرست مولانا عبدالقیوم حیدری، نائب امیر منظور احمد پندرانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری بشیر احمد چنہ، مولانا امان اللہ حقانی، مولانا مہر اللہ جنگ، مولانا غلام نبی جاگیرانی، سالار قاری نصر اللہ دیناری (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2پر)

بلوچستان، ٹرین سروس ایک بار پھر معطل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لیے پھر معطل کر دی گئی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق ٹرین سروس ناگزیر وجوہات پر معطل کی گئی ہے، کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس روانہ نہیں ہوئی۔ پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس کا بھی جیکب آباد میں روکنے کا بتایا گیا۔

ڈیرہ مراد جمالی میں بجلی کا شارٹ سرکٹ کے باعث گھر میں آگ بھڑک اٹھی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں بجلی کا شارٹ سرکٹ کے باعث گھر میں آگ بھڑک اٹھی پورا گھر جلکر راکھ میں تبدیل لاکھوں روپے نقدی زیورات اناج گھریلو سامان جلکر خاکستر ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی شرقی ڈوکی محلہ میں گزشتہ شب (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2پر)

ہمیں اپنی عملی زندگی میں اخلاص، اتحاد اور خدمتِ خلق کو شعار بنانا ہوگا، ڈاکٹر سعید

جماعت اصلاح المسلمین کا پیغام صرف اپنی ذات کی اصلاح تک محدود نہیں

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) جماعت اصلاح المسلمین سندھ کے صوبائی وفد نے صوبائی پریس سیکریٹری ڈاکٹر سعید اعوان کی قیادت میں جیکب آباد کا تنظیمی دورہ کیا (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2پر)

عوام کو درپیش مسائل روز بروز سنگین ہوتے جا رہے ہیں، نیاز بلوچ

نیشنل پارٹی ہزارہ قوم سمیت بلوچستان کے تمام اقوام طبقات اور مکتبہ فکر کی نمائندہ جماعت بنتی جا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) 4 ستمبر کو علمدار روڈ پر ہونے والے جلسے کی تیاریوں کے سلسلے میں کارنر میٹنگ نیشنل پارٹی کے ممبر مرکزی کمیٹی نیاز بلوچ کی زیرِ صدارت، مرکزی کمیٹی کے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2پر)

دکی، آئی ڈی بم دھماکے میں 3 بھائی جاں بحق، 1 شخص زخمی

کلی بختیار خان میں نامعلوم افراد نے ندی میں آئی ڈی بم نصب کر رکھا تھا کہ گاڑی گزرنے کے دوران زوردار دھماکہ ہوا

جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد گاڑی میں زمینداری کیلئے جا رہے تھے کہ دھماکے کا نشانہ بن گئے، ایس پی

کوئٹہ (این این آئی) دکی کے علاقے میں آئی ڈی بم دھماکے میں 3 بھائی جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ایس پی دکی منصور احمد بزدار نے بتایا کہ اتوار کو دکی کی تحصیل لونی کے علاقے کلی بختیار خان میں نامعلوم افراد نے ندی میں آئی ڈی بم نصب کر رکھا تھا کہ گاڑی گزرنے کے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2پر)

چمن اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) چمن اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق اتوار کو چمن اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 3.5 ریکارڈ کی گئی

عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، عبدالرزاق خجک

دور افتادہ علاقوں کے لوگوں کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ضلع انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک اور ایس پی کلیم اللہ کاکڑ نے یونین کونسل سلئی کے صحت افزا مقام کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے علاقہ مکینوں، قبائلی معززین اور عام لوگوں سے ملاقات کر کے ان کے درپیش مسائل اور شکایات بلاواسطہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2پر)

نصیر آباد اور جعفر آباد میں نامعلوم افراد 5 لاکھ روپے نقدی، موبائل فون اور دیگر اشیاء لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد اور جعفر آباد چوری اور ڈکیتی کی مختلف وارداتیں مسلح افراد نے دکان کے تالے توڑ کر پانچ لاکھ روپے نقدی، بیٹری، سولر پلیٹس اور دو موٹر سائیکل دو موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے تمبو منجھو شوری پولیس تھانے کی حدود منجھو شوری مین بازار میں گزشتہ شب نامعلوم (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2پر)

ڈائیوو پاک موٹرز کی جانب سے ایکسپریس ٹرانسپورٹ سروس کے چیف ایگزیکٹو چوہدری عثمان محمود کو لگژری بس کی چابی دی جا رہی ہے اس موقع پر ڈائریکٹر مارکیٹنگ ایڈیشنل ڈائیوو پاک موٹرز محمد طاہر جاوید، ایوب اور میاں نعیم الدین بھی موجود ہیں

ایکسپریس ٹرانسپورٹ سروس کی ڈائیوو سے لگژری بسوں کی خریداری

چوہدری عثمان محمود نے ڈائیوو پاک موٹرز کے مینوفیکچرنگ اینڈ اسمبلنگ یونٹ کا دورہ کیا

کوئٹہ (پ ر) ایکسپریس ٹرانسپورٹ سروس نے لگژری بس خریدی، تفصیلات کے مطابق ایکسپریس ٹرانسپورٹ سروس کے چیف ایگزیکٹو چوہدری ... مسافروں کو محفوظ، آرام دہ سفری سہولیات مہیا کرنے کیلئے ڈائیوو پاک موٹرز (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2پر)

ماں کا دودھ بچے کے لیے مکمل اور قدرتی غذا ہے، ڈاکٹر اعظم گچکی

بچے کی پیدائش کے پہلے چھ ماہ تک صرف اور صرف ماں کا دودھ پلایا جائے، مقررین

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ساتھ ڈیرہ جمالی میں بریسٹ فیڈنگ ہفتہ 2026 کے سلسلے میں ... ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اعظم گچکی ... بلوچستان نیوٹریشن (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2پر)

صوبے میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کیلئے کوئی جگہ نہیں، شاہد رند

دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی، آخری خارجی کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی

آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی باعث اطمینان ہے، معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور

کوئٹہ (این این آئی) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار ... انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ... خوارج ... (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سیکرٹری متعلقہ محکموں کے حوالے سے دو سالہ کارکردگی رپورٹ پیش کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

تنازعات کو باہمی رضامندی سے حل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، امیر حمزہ زہری

جھالاوان ہاؤس میں (پندرانی) زہری اور لہڑی قبائل کے خونی تنازعے کا تصفیہ، فریقین شیر و شکر ہو گئے

نوابزادہ امیر حمزہ زہری اور سردار بابا غلام رسول عمرانی کی کوششیں رنگ لے آئیں، جرگے کا فیصلہ فریقین نے تسلیم کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ... جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ... کے ذریعے خوش اسلوبی سے تصفیہ کر دیا گیا ... ترقی نوابزادہ امیر حمزہ ... (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3پر)

فرائض میں غفلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا، بلال برڑیچ

اساتذہ قوم کے معمار ہیں وہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، فرض شناسی اور محنت کے ساتھ ادا کریں

سبی (نامہ نگار) ڈویژنل ڈائریکٹر محکمہ تعلیم سبی ڈویژن بلال احمد برڑیچ نے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں وہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، فرض شناسی اور محنت کے ساتھ (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2پر)

مقامی اخبارات بدترین بحران کا شکار ہیں، بلوچستان میڈیا فورم

نامہ نگاران اور سوشل میڈیا ورکرز کو درپیش معاشی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں

صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے جامع پالیسی تشکیل دی جائے، اللہ داد رند



کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میڈیا فورم کے ... نائب صدر اللہ یار ڈوملی، نائب صدر ندیم بابر مغل، رمضان بھٹو، شیخ فرید اور سلطان کرد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2پر)

ژوب میں دو مختلف ٹریفک حادثات، 2 افراد جاں بحق، 2 زخمی

ژوب (این این اے) ژوب میں پیش آنے والے دو مختلف ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق پہلا حادثہ دریائے ژوب پل کے قریب پیش آیا، جہاں ایک کار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں نوجوان بختیار خان حریفال جاں بحق ہوگیا، جبکہ حمید اللہ اور نواب خان ساکنان اپوزئی زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب ژوب میں دو روز قبل موٹر سائیکل کی ٹکر سے شدید زخمی ہونے والا داد خان شیرانی بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ حادثے کے بعد داد خان کو ہسپتال منتقل کیا گیا تھا، تاہم وہ جانبر نہ ہوسکا۔

عوام کے اعتماد کو عملی خدمت اور ترقی سے پورا کریں گے، فیصل جمالی

حلقے کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور مستقل حل کے لیے مرحلہ وار عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں لایا جا رہا ہے

گنداخہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ... فیصل خان جمالی ... کہا ہے کہ ان کا اولین مقصد عوام کی خدمت، ترقیاتی اقدامات ... ذمہ داری ہے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2پر)

اوستہ محمد پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لے لی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق اتوار کو اوستہ محمد کے علاقے سے پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے ہسپتال کے مردہ خانے میں رکھ دی اور مزید کارروائی شروع کردی۔

غیر قانونی شکار میں ملوث عناصر نے مبینہ طور پر اپنے پنجے گاڑنے شروع کردیئے

شاہین، بحری پرندوں سمیت مختلف محفوظ نایاب اور قیمتی پرندوں کی نسلیں مبینہ طور پر شکاریوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دی

سونمیانی ونڈر (زبیر بلوچ) ونڈر، ہنگول نیشنل پارک تحصیل لیاری کی ساحلی پٹی میں بحری، مہاجر اور مہمان پرندوں کی آمد کا موسم شروع ہونے سے قبل ہی غیر قانونی شکار میں ملوث عناصر نے مبینہ طور پر اپنے پنجے گاڑنے شروع کردیئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کی تحصیل (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، کاسی، بحریہ ٹاؤن کے متاثرین احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

نوشکی پولیس نے کھلاڑی کے قتل اور موٹر سائیکل چھیننے میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) نوشکی پولیس نے کھلاڑی کے قتل اور موٹر سائیکل چھیننے میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی نوشکی سلیم شاہوانی کے مطابق گزشتہ دنوں نوشکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے نوجوان کھلاڑی جلیل بادینی سے نوشکی کرکٹ گراؤنڈ کے قریب موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر فائرنگ کرکے اسے ہلاک اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ واقعہ کی ایف آئی آر نمبر 2026/47 زیر دفعہ 34/397 تعزیرات پاکستان تھانہ سٹی نوشکی میں درج کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ میری نگرانی میں ڈی ایس پی سٹی جہانزیب، ایس ایچ او سٹی محی الدین نوشیب اور ان کی ٹیم نے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2پر)

کوہلو میں ہیپاٹائٹس کی تشویشناک صورتحال، سول سوسائٹی کی جانب سے آگاہی واک کا انعقاد

سرکاری افسران، طلبہ، سیاسی و قبائلی عمائدین، سماجی کارکنوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کا شرکت

کوہلو (نذر بلوچ قلندرانی) ضلع کوہلو میں ہیپاٹائٹس کے بڑھتے ہوئے کیسز اور عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے سول سوسائٹی کی جانب سے ہیپاٹائٹس آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں سرکاری افسران، طلبہ، سیاسی و قبائلی عمائدین، سماجی کارکنوں اور سول سوسائٹی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2پر)

حکومت ظالمانہ ٹیکسوں اور مہنگائی کا خاتمہ کرے، ثمینہ سعید

جماعت اسلامی کا دھرنا عوام کے مسائل کے حل اور حکمرانوں کو ان کی ذمہ داری یاد دلانے کی جدوجہد ہے

فیصل آباد (پ ر) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید نے کہا ہے کہ پاکستان کی مائیں، بہنیں اور بیٹیاں اپنے حقوق کے لیے بیدار ہوچکی ہیں، اب انہیں کسی دھمکی، رکاوٹ یا دباؤ سے خاموش نہیں کرایا جاسکتا۔ جماعت اسلامی کا دھرنا (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2پر)

نواب ثناء اللہ زہری اور امیر حمزہ خان زہری کی کوئٹہ میں مختلف شخصیات سے تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مختلف شخصیات سے ملاقاتیں کر کے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے ہفتے کے روز میر آدم خان زہری کی رہائش گاہ پر میر شاہ بیگ خان کی انتقال پر فاتحہ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2پر)

محمد علی جمالی کی ڈی ایس پی سرکل گنداخہ تعیناتی خوش آئند ہے، میر صابر پندرانی

محمد علی جمالی ایک بہترین، ایماندار، فرض شناس اور دلیر پولیس آفیسر ہیں، عوام بھرپور امیدیں وابستہ ہیں

گنداخہ (نور حسن جمالی) پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کے چیئرمین میر صابر خان پندرانی نے بہترین پولیس آفیسر محمد علی جمالی کو ڈی ایس پی سرکل گنداخہ تعینات ہونے پر مبارکباد (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2پر)

گورنر خیبر پختونخوا سے سردار سربلند خان جوگیزئی کی ملاقات

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں قیام امن کے حوالے سے سیکورٹی فورسز کے بہترین کردار، سیاسی جماعتوں کی حکمت عملی، پیپلز پارٹی کے تنظیمی معاملات اور باہمی دلچسپی کے دیگر موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ضلع ہرنائی میں کھیل کے میدان ایک بار پھر آباد ہو گئے

جن معاشروں میں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں، وہاں کے ہسپتال ویران ہوتے ہیں، ارشد حسین

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں کھیل کے میدان ایک بار پھر آباد ہو گئے۔ آریانہ فٹبال کلب ہرنائی کے زیر اہتمام منعقدہ "چیئرمین سید عطاء اللہ شاہ فور ڈسٹرکٹ ٹورنامنٹ" کے سلسلے میں ایک انتہائی سنسنی خیز اور دلچسپ فٹبال میچ کھیلا گیا، جس میں شائقینِ کھیل کو بہترین (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2پر)

بختیار آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت، علاقہ مکینوں نے اپنے بنیادی مسائل بیان کیے

بختیار آباد (لیاقت علی ڈوکی) بختیار آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت، کھلی کچہری میں علاقہ مکینوں نے اپنے بنیادی مسائل بیان کیے، کھلی کچہری میں تمام محکموں کے آفیسران اور نمائندوں نے شرکت کی۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2پر)

بلوچستان کے مسئلے کا حل بندوق نہیں، انجینئر حمید بلوچ

بلوچستان کے عوام کے سیاسی، جمہوری اور آئینی حقوق کا احترام کیے بغیر مسائل کا مستقل حل ممکن نہیں



کوئٹہ (پ ر) انجینئر حمید بلوچ نے بلوچستان کی موجودہ صورتِ حال پر حکمرانوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ بنیادی طور پر سیاسی نوعیت کا ہے، جسے طاقت اور جبر کے ذریعے حل نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائی جانے والی بے چینی اور اضطراب کو سنجیدگی سے سمجھنے کی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2پر)

کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے علاقے شیخ زید ہسپتال کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص سید نور ولد بختیار خان سکنہ ہرنائی کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔

کوئلہ کانیں موت کا کنواں بن گئی، رواں سال 118 کانکن جاں بحق ہوئے

جولائی اور اگست کے مہینے میں صرف بلوچستان میں 50 سے زائد کانکن جاں بحق ہوئے: سلطان خان

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے دکی کے علاقے معراج کول ایریا میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے نتیجے میں تین کان کنوں کی المناک ہلاکت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اس واقع کی شفاف (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

کھیر تھر کینال کی ذیلی نہروں کے ٹیل تین ماہ سے پانی سے محروم

لاکھوں روپے کی فصلیں تباہ، کسان معاشی بدحالی کا شکار: مولانا غلام نبی جاگیرانی

گنداخہ: (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما اور ضلع اوستا محمد کے ضلعی جوائنٹ سیکرٹری مولانا غلام نبی جاگیرانی نے کہا ہے کہ کھیر تھر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں کے ٹیل میں گزشتہ تین ماہ سے زرعی پانی کی شدید قلت نے صورتحال کو انتہائی تشویشناک بنا دیا ہے۔ آبپاشی حکام کی مبینہ نااہلی، ناقص انتظامی نگرانی اور پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے باعث ہزاروں ایکڑ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2پر)

عوام کو علاقوں سے بے دخل کرنے کے بجائے تحفظ دیا جائے، عبدالغفور حیدری

عوام اپنے علاقوں کو خالی نہیں کریں گے، ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کو تحفظ فراہم کرے

فورسز کی موجودگی کے باوجود شہریوں کا خون بہایا جا رہا ہے، مدارس کو بے جا نوٹسز سے عوام میں بے چینی ہے

جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکریٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ ملک کے مختلف صوبوں میں بدامنی کی آگ لگی ہوئی ہے، بالخصوص بلوچستان میں آئے روز قتل و غارت کا سلسلہ جاری ہے اور فورسز کی موجودگی کے باوجود عام شہریوں کا خون بہایا جا رہا ہے، ریاست بلوچستان کے علاقوں کو خالی کرانے کے بجائے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ جمعیت علماء اسلام (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2پر)

کراچی: گورنر سندھ سید نہال ہاشمی ڈیننگ انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اینڈ انٹرپرینیورشپ کے فارغ التحصیل گریجویٹ طلبہ کو اسناد دے رہے ہیں

کوئٹہ نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مطیع الرحمٰن مینگل دھرنے سے خطاب کر رہے ہیں